1.6 کلیدی الفاظ

انسانی بین عمل : ایسا طریق جو کسی وقت یا حالات میں افراد کے آپسی ارتباط کا نتیجہ ہوتا ہے ۔

سماجی تعلقات : افراد کے باضابطہ یا منظم بین عمل کے طریقہ کار کے ذریعہ سماجی تعلقات وجود میں آتے ہیں ۔

1.7 سفارش کردہ کتابیں

1. Paul B. Hurton & Charles L. Hunt : Sociology
2. Mac Iver & Page : Society
3. Ritchie P. Lorry and Robert P. Frankin : Sociology - The Science of Society
4. Kingsley Davis : Human Society
5. Harlambos S : Sociology - Times & Perspectives
6. R.N. Sharma : Principles of Sociology
7. Alex Inkles : What is sociology
8. Ian Robertson : Sociology
9. Bottomore, T.B. : Sociology - Guide to Problems & Literature
10. Gisbert : Fundamentals of Sociology
11. Harry M. Johnson : Sociology - A Systematic Introduction
12. Robert L. Sutherland & Woodward : Introductory Sociology

1.8 نمونہ امتحانی سوالات

I۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات 30 سطروں میں لکھیے ۔

1۔سماجیات کی تعریف کیجیے اور اس کی نوعیت (Nature) کو سمجھایئے ۔

3.8 خلاصہ

سماجیات کی ابتدا انیسویں صدی میں ہوئی۔ جب نئی تخلیقی سماجی فکر کے تحت سماجی علوم تبدیل پذیر ہوئے اور جدید خصوصی دائرہ مطالعہ کے تحت علاحدہ ہوئے۔ یوروپ میں صنعتی اور فرانسیسی انقلابات نے ایک نئے علم کی داغ بیل ڈالی۔ سماجیات کا ایک نئے سماجی علم کی حیثیت سے اس وقت ظہور ہوا جب سماج میں انقلابی تبدیلیاں رونما ہو رہی تھیں اور دانشوروں نے ماضی کے نظریات کو ان کی کوئی افادیت نہ ہونے کے سبب نظرانداز کر دیا تھا۔ صنعتی انقلاب بہت زیادہ انتشار کا سبب بنا اور یوروپ کے لوگوں کی سماجی زندگی میں تبدیلیاں لایا۔ اس کی وجہ سے لوگوں کے رجحانات اور سماجی تعلقات میں تبدیلیاں واقع ہوئیں۔ فرانسیسی انقلاب کی وجہ سے روایتی سماج زوال پذیر ہوا اور زندگی کی نئی اشکال وجود میں آئیں۔ دیہی سماجیات، سیاسی سماجیات، سماجی حرکت پذیری، صنعتی سماجیات، سماجیات کے چند اہم موضوعات ہیں۔

3.9 کلیدی الفاظ

سماجی حرکت پذیری : سماجی حرکت پذیری سے مراد کسی مخصوص یا متعین سماجی درجہ بندی میں مخصوص تحریکات کے نتیجہ کے طور پر پیدا ہونے والے اسباب اور نتائج کی تحقیق اور مطالعہ ہے۔

سماجی سکونیات : اس کا تعلق نظم اور استحکام کے مسئلہ سے ہے اس میں اس بات کا جائزہ لیا جاتا ہے کہ سماج کو کیوں اور کس طرح برقرار رکھا جاتا ہے۔

سماجی حرکیات : سماجی حرکیات کا تعلق سماجی تبدیلی کے مسئلہ سے ہے۔ یعنی اس میں اس بات کا جائزہ لیا جاتا ہے کہ سماج کیسے تبدیل پذیر ہوتے ہیں اور ان کی تبدیلی کی جہت نوعیت اور رفتار کو متعین کرنے والے عوامل کونسے ہیں۔

3.10 سفارش کردہ کتابیں

1. Harry. M. Johnson : Sociology : A systematic Introduction.
2. Robert L. Sutherland and Woodward : Introductory Sociology
3. Paul B. Harton and Chester L. Hunt : Sociology
4. Ritchie P. Lowry and Robert P. Rankin : Sociology - the Science of Society

INSTRUCTIONAL MEDIA CENTRE * MANUU * Hyderabad-32 IMC LIBRARY